REGD. NO. L. 5254

فون نمبر ۴۹ تار کا پتہ:۔ ڈیلی الفضل ربوہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

شرح چندہ
سالانہ ۲۴ روپے
ششماہی ۱۳ "
سہ ماہی ۷ "
خطبہ نمبر ۵ "
سالانہ بیرون پاکستان ۴۵ "

اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَاءُ
عَسٰۤی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

روزنامہ

الفضل ربوہ

یوم یکشنبہ
فی پرچہ ۱۰ نئے پیسے
۳ ربیع الاول ۱۳۸۲ھ

جلد ۵۱/۱۶ ۵ ظہور ۱۳۴۱ ہش ۵ اگست ۱۹۶۲ء نمبر ۱۸

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ کی صحت کے متعلق تازہ اطلاع

— محترم صاحبزادہ ڈاکٹر مرزا منور احمد صاحب

نخلہ ۳ اگست ۱۹۶۲ء

کل شام حضور کو ضعف کی شکایت رہی ۔ آج سر میں درد کی تکلیف ہے۔

احباب جماعت خاص توجہ اور التزام سے دعائیں کرتے رہیں کہ مولیٰ کریم اپنے فضل سے حضور کو صحت کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے

آمین اللّٰھم آمین

حضرت مرزا بشیر احمد صاحب مدظلہ العالی کی صحت کے متعلق اطلاع

ربوہ ۴ اگست ۔ حضرت مرزا بشیر احمد صاحب مدظلہ العالی کی صحت کے متعلق آج صبح کی اطلاع مظہر ہے کہ طبیعت اللہ تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے۔ الحمد للہ

احباب جماعت شفائے کامل و عاجل کے لئے التزام سے دعائیں کرتے رہیں۔

ربوہ کا موسم

ربوہ ۴ اگست ۔ گزشتہ رات یہاں ٹھنڈی ہوا چلتی رہی جس کی وجہ سے درجۂ حرارت پر خوشی کمی آگئی۔

ارشاداتِ عالیہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام

انسان کو اپنے اعمال پر نازاں نہ ہونا چاہیئے اعمال حبط بھی ہو جایا کرتے ہیں

دُنیا کی ملونی ساتھ ہو تو نیک اعمال پر ثمراتِ عمدہ مرتب نہیں ہوتے

"انسان کو اپنے اعمال پر نازاں نہ ہونا چاہیئے، کیونکہ اعمال حبط بھی ہو جایا کرتے ہیں ۔ نیکی کے ضائع کرنے کے واسطے ریاکاری ہے، دیکھو چندہ ہوتا ہے اگر فخر کے ساتھ دیا جائے تو سب خیرات ضائع ہو جائے گی۔ وہ خدا تعالیٰ کے لئے ہرگز نہ سمجھی جائیگی۔ اس موقعہ پر مجھے ایک نقل یاد آئی ہے۔ ایک بزرگ نے بڑے مجمع میں بیان کیا کہ ہزار روپے کی ضرورت ہے۔ ایک شخص نے اٹھ کر آگے رکھ دیا۔ اس بات پر جب اس کی بہت تعریف ہوئی تو وہ اٹھ کھڑا ہوا چند منٹ کے بعد آکر کہا کہ حضرت مجھ سے بہت غلطی ہوئی وہ روپیہ میری ماں کا تھا اور وہ واپس طلب کرتی ہے مجمع نے اسے بڑی لعن طعن کی کہ یہ بہانہ بناتا ہے، بناوٹ کرتا ہے دیکر پچھتایا اور یہ حیلہ گھڑ لیا۔ جب پہر رات گزر چکی تو وہی شخص بزرگ کے گھر پہنچا اور پھر وہ روپیہ پیش کیا اور کہا یہ روپیہ میں نے تعریفیں سننے کے لئے نہیں دیا تھا۔ آپکو قسم ہے خدا کی جو کسی کو بتلاؤ۔ بزرگ یہ سنکر رو پڑے۔ واقعی جس میں ریاکاری ہو وہ ایسا ہے جیسے کسی پاک و مصفا و شیریں کھانے میں کتا منہ ڈالدے۔ سب سے بھاری آفت یہ ریاکاری ہے۔ جب دنیا کی ملونی ساتھ ہوتی ہے تو نیک اعمال پر ثمرات عمدہ مرتب نہیں ہوتے انسان مکمل تو ہے نہیں۔ پس جب انسان کا نفس مطمئنہ ہو جاتا ہے تو وہ کسی کی پروا نہیں کرتا۔ ہم یہ نہیں کہتے کہ خیرات ہمیشہ مخفیہ ہی دینی چاہیئے۔ کیونکہ قرآن مجید میں دونوں طور پر جواز آیا ہے۔ مطلب تو یہ ہے کہ نفس کی ملونی نہ ہو۔ بعض وقت علانیہ دینے میں یہ بات ہوتی ہے کہ اس سے ریس پڑتی ہے۔ اس نیت سے علانیہ دینا بہت ثواب کا کام ہے۔ بلکہ جو اس کے پیچھے دیں۔ ان سب کا ثواب اس کو بھی ملے گا۔"

(البلاغ المبین صفحہ ۱۳-۱۴)

سیدنا حضرت المصلح الموعود کے مبارک دور کی ایک اور عظیم الشان برکت

سوئٹزرلینڈ میں پہلی مسجد کی تعمیر کا ابتدائی کام شروع ہو گیا

زیورچ (بذریعہ تار) مبلغ سوئٹزرلینڈ مکرم چوہدری مشتاق احمد صاحب باجوہ مطلع فرماتے ہیں کہ کئی روز کے ابتدائی کام کے بعد اس قطعہ زمین پر جس پر زیورچ میں پہلی مسجد تعمیر ہونی ہے۔ ۳۱ جولائی ۱۹۶۲ء کو بلڈوزر کے ذریعہ کھدائی کا کام شروع ہو گیا۔ کام شروع کرنے سے قبل جماعت احمدیہ زیورچ کے احباب نے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی کہ وہ مسجد کی تعمیر کو بابرکت فرمائے اور یہ سوئٹزرلینڈ میں اشاعت و غلبۂ اسلام کا ایک مؤثر ذریعہ ثابت ہو جونہی احباب نے دعا کے لئے ہاتھ اٹھائے ارد گرد کے لوگ اور راہ گیر کھڑے ہو کر اس منظر کو حیرت سے دیکھتے رہے ۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ سوئٹزرلینڈ میں اس پہلی مسجد کی تعمیر کو اپنے خصوصی افضال و برکات سے نوازے اور اسے نہ صرف سوئٹزرلینڈ بلکہ سارے یورپ میں اسلام کی اشاعت اور اس کی مضبوطی و استحکام کا ذریعہ بنائے۔ احباب جماعت سے درخواست ہے کہ وہ بھی اس مقصد کے لئے خاص توجہ سے دعائیں کریں سیدنا حضرت المصلح الموعود ایدہ اللہ کے مبارک دور میں سوئٹزرلینڈ میں پہلی مسجد کی تعمیر مغرب میں اشاعت اسلام کے نقطۂ نگاہ سے ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہے۔

روزنامہ الفضل ربوہ
مورخہ ۵ راگست ۱۹۶۲ء

اہلِ علم حضرات کیا چاہتے ہیں

۱۔ سکندر مرزا نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ :-

"سردار بہادر خان کو کابینہ کا وہ اجلاس بھی یاد ہوگا جس کے دوران علماء کی مجلس عمل کا ٹیلی فون آیا تھا کہ ہمارے مطالبات تسلیم کر لو ورنہ لاہور شہر کو آگ لگا دی جائے گی۔ علماء کا یہ الٹی میٹم سن کر سارے وزیر وں بشمول سردار بہادر خان پر سکتہ طاری ہو گیا تھا یہ دیکھ کر میں نے وزیر اعظم سے کہا کہ آپ فون رکھ دیں اور مجھے جانے کی اجازت دیں۔ اس کے بعد میں فوجی افسروں کے پاس گیا اور جنرل اعظم سے ٹیلی فون پر بات چیت کے ذریعہ انہیں مارشل لاء لگانے کا حکم دیا اس وقت میں محکمہ دفاع کا سیکرٹری تھا۔"

(چٹان ۷/۶۲ ص ۳۰)

ہمیں یہاں یہ غرض نہیں ہے کہ خواجہ ناظم الدین نے کیا کیا اور سکندر مرزا نے کیا کیا۔ ہم صرف قوم اور حکومت کی توجہ اس امر کی طرف دلانا چاہتے ہیں کہ ہمارے ملک کے اہلِ علم حضرات کیا چاہتے ہیں۔ صاف ظاہر ہے کہ ہمارے اہلِ علم حضرات اسلام کے نام پر حکومت کے اوپر اپنی جبریہ حکومت قائم کرنا چاہتے ہیں چنانچہ حال ہی میں ماہنامہ طلوعِ اسلام نے اگست ۱۹۶۲ء کی اشاعت میں ص ۵ پر لکھا ہے :-

"اب آئیے اس مسئلہ کے نازک ترین گوشہ کی طرف یعنی اس گوشہ کی طرف کہ حکومت نے (اسمبلی کی منظوری سے) ملک میں ایک قانون نافذ کر دیا۔ اور "ارباب شریعت" نے یہ فتویٰ صادر کر دیا کہ یہ قانون اسلام کے خلاف ہے تو اس وقت کیا ہوگا؟ اس کا جواب سید ابوالاعلیٰ مودودی صاحب نے ترجمان القرآن بابت مئی ۱۹۶۲ء میں کھلے الفاظ میں دیا ہے۔ انہوں نے پہلے یہ سوال درج کیا ہے :-

کیا عائلی قوانین کے نفاذ کے بعد کوئی شخص اگر شریعت کے مطابق کسی قسم کا طلاق دے تو وہ واقع ہو جائے گی؟ متذکرہ صدر قوانین کی رو سے تو طلاق کے نافذ ہونے کے لئے کچھ خاص شرائط عاید کر دی گئی ہیں۔

مودودی صاحب نے اس اہم سوال کا حسب ذیل جواب دیا ہے :-

کسی حکومت کے قوانین سے نہ تو شریعت میں کوئی ترمیم ہو سکتا ہے اور نہ وہ شریعت کے قائم مقام بن سکتے ہیں اس لئے جو طلاق شرعی قواعد کی رو سے دیدی گئی ہو وہ عنداللہ اور عندالمسلمین نافذ ہو جائے گی خواہ ان قوانین کی رو سے وہ نافذ نہ ہو اور جو طلاق شرعاً قابلِ نفاذ نہیں ہے وہ ہرگز نافذ نہ ہو گی۔ خواہ یہ قوانین اس کو نافذ کر دیں۔ اب مسلمانوں کو خود سوچ لینا چاہیئے کہ اپنے نکاح و طلاق کے معاملات، خدا اور رسول کی شریعت کے مطابق کرنا چاہتے ہیں یا ان عائلی قوانین کے مطابق؟

یہ اسی اصول کی تشریح ہے جسے مودودی صاحب اس سے پہلے ان الفاظ میں بیان کر چکے ہیں :-

اسلامی اسٹیٹ بہر حال اس قانون پر قائم ہوگا جو خدا کی طرف سے اس کے نبی نے دیا ہے۔ اور اس اسٹیٹ کو چلانے والی گورنمنٹ صرف اس حال میں اور اس حیثیت سے اطاعت کی مستحق ہو گی کہ وہ خدا کے قانون کو نافذ کرنے والی ہے۔

(اسلام کا نظریہ سیاسی)

اور "خدا کا قانون کیا ہے" اسے متعین کرنے کا حق جمہور کے منتخب کردہ نمائندوں کو نہیں ہو گا بلکہ ان لوگوں کو ہو گا جو شریعت کا علم رکھتے ہوں (اسلام کا نظام حیات) کھلے الفاظ میں یوں کہیئے کہ اگر حکومت ایک قانون نافذ کرے اور یہ حضرات اس کے متعلق فتویٰ صادر کر دیں کہ وہ خلاف شریعت ہے تو (مودودی صاحب کے فتویٰ کے مطابق) پابندِ شریعت مسلمانوں کے لئے اس کے سوا کوئی چارہ کار نہیں ہو گا کہ وہ حکومت کے قانون کی خلاف ورزی کریں۔

اس نقشے کو سامنے رکھئے اور پھر سوچیے کہ ایک ایسے ملک میں جس کی اسی نوے فیصد آبادی جہلا پر مشتمل ہو اس قسم کی سول نافرمانی جسے از روئے شریعت واجب قرار دیدیا جائے کیا رنگ لائے گی۔"

(ماہنامہ طلوع اسلام اگست ۱۹۶۲ء ص ۶۵)

جب آپ ان اہلِ علم حضرات کی انفرادی پر اعتراض کریں اور پوچھیں کہ ان لوگوں کو یہ اختیارات کہاں سے حاصل ہوئے ہیں تو کہا جاتا ہے کہ وہ ماہرین ہیں اس لئے جس طرح انجینئر اور ڈاکٹر اپنے اپنے فن کے متعلق رائے دے سکتے ہیں اسی طرح ماہرین دین ہی علم دین میں رائے دے سکتے ہیں۔ اس ضمن میں ہفت روزہ اقدام کے ایک مضمون کا حوالہ ملاحظہ ہو :-

"ضرورت اس امر کی تھی کہ پاکستان کا روشن دماغ، عالی ظرف طبقہ قرآن کے حیات بخش، روح پرور اور بصیرت افروز پروگرام کو لے کر نکلتا اور ستم رسیدہ انسانیت کو خوشگواریوں کی فضا میں لے جاتا لیکن ملائیت کے منفی اقدامات ہمیں ترقی کی بجائے تنزل کی طرف لئے جا رہے ہیں سے

کسے خبر کہ سفینے ڈبو چکی کتنے
کتاب صوفی و ملا کی سادہ اوراقی

..... جب ایک عام مسلمان ان حضرات کی ایک ایک حرکت جس کی آنکھوں کے آئینے میں عکس اور دل کی لوح پر محفوظ ہو کچھ کہنے کی جسارت کرے تو یوں گویا ہوتے ہیں کہ دیکھو جی ایک انجینئر ایک ڈاکٹر ہی عمارت اور مریض کے بارے میں مشورہ دینے کا حق رکھتا ہے لہذا یہ ہمارا ہی حق ہے کہ دین سے متعلق کسی مسئلہ پر اظہار رائے کریں۔ انہیں کون بتلائے کہ اسلام فنی چیز نہیں یہ جس طرح ایک مولوی ایک انجینئر، ایک ڈاکٹر کے لئے ضروری ہے بعینہٖ اسی طرح تمام افراد ملت کی زندگیوں پر محیط ہے۔ تمام افراد امت کا فریضہ ہے کہ وہ قرآن میں تدبر و تفکر کریں۔ قرآن ضابطہ قانون ہے مجموعہ طلسمات نہیں۔ قرآن ہر قسم کی برہمنیت ہر نہج کا جور و استبداد مٹانے کے لئے آیا ہے۔ قرآن قلوب و اذہان میں تبدیلی پیدا کرتا ہے۔ جب تک قلوب و اذہان میں تبدیلی نہیں ہو گی باقی نظامِ زندگی کا کوئی شعبہ درست نہیں ہو سکتا قلوب کی تبدیلی ماحول اور فضا کی تبدیلی پر منحصر ہے۔ ہماری اندرونی و بیرونی مشکلات کا علاج معاشرتی ڈھانچے کی تشکیلِ جدید ہے جس کی بنیادیں قوانین کے الفاظ پر نہیں بلکہ قلوب کی گہرائیوں پر ہونی چاہئیں۔

(ہفت روزہ اقدام ۱۵ر جولائی ۱۹۶۲ء ص ۱۴)

۲۔ اس کے بعد ماہنامہ طلوع اسلام کی مندرجہ ذیل عبارت پر بھی نظر ڈال لیجیے :-

"مودودی صاحب نے ۱۹۴۱ء میں اپنی پارٹی کا سنگِ بنیاد رکھتے وقت اس کا مقصد یہ بتایا تھا کہ

یہ پارٹی اسلام کے اصولوں پر ایک نئے اجتماعی نظام اور ایک نئی تہذیب کی تعمیر کا پروگرام لے کر اٹھے اور عامۂ خلائق کے سامنے اپنے پروگرام کو پیش کر کے زیادہ سے زیادہ سیاسی طاقت فراہم کرے اور بالآخر حکومت کی مشین پر قابض ہو جائے۔

وہ زیادہ سے زیادہ طاقت فراہم کر کے جس قسم کی حکومت قائم کرنا چاہتے ہیں اس کے متعلق بھی انہوں نے بتا دیا تھا کہ

اس نوعیت کا اسٹیٹ ظاہر ہے کہ اپنے عمل کے دائرے کو محدود نہیں کر سکتا۔ یہ ہمہ گیر اور کلی اسٹیٹ ہے اس کا دائرہ عمل پوری انسانی زندگی پر محیط ہے۔ یہ تمدن کے ہر شعبے کو اپنے مخصوص اخلاقی نظریہ اور اصلاحی پروگرام کے مطابق ڈھالنا چاہتا ہے اس کے مقابلہ میں کوئی شخص اپنے کسی معاملہ کو پرائیویٹ اور شخصی (PERSONAL) نہیں کہہ سکتا۔ اس لحاظ سے یہ اسٹیٹ فاشستی اور اشتراکی حکومتوں سے ایک گونہ مماثلت رکھتا ہے۔

(اسلام کا نظریہ سیاسی)

اس سے ظاہر ہے کہ مودودی صاحب بجز اس حکومت کے جسے ان کی اپنی پارٹی قائم کرے کسی حکومت کو اسلامی تصور کرنے کے لئے تیار نہیں۔ نہ ہی اس حکومت کے نافذ کردہ قوانین کو اسلامی قوانین قرار دینے پر آمادہ حکومت تو ایک طرف، اس باب میں انہوں نے باقی ارباب شریعت کے مقابلہ میں بھی اپنے آپ کو منفرد قرار دے رکھا ہے۔ ہمارے ارباب شریعت میں سے ایک گروہ کا عقیدہ یہ ہے کہ اسلامی قانون وہ ہے جو صحیح احادیث کے مطابق ہو اور احادیث کو صحیح اور ضعیف قرار دینے کے لئے ان کے ہاں مستقل معیار ہیں۔ بلکہ یوں کہیئے کہ یہ بات ان کے ہاں طے شدہ ہے کہ صحیح احادیث کونسی ہیں۔ مودودی صاحب بھی اس کے قائل ہیں کہ اسلامی قانون وہ ہے جو احادیث کے مطابق ہو لیکن ان کا دعویٰ یہ ہے کہ صحیح حدیث وہ ہے جسے ان کی نگہ بصیرت صحیح قرار دے۔ وہ اس باب میں کسی اور معیار کے قائل نہیں۔

دوسرے گروہ کا عقیدہ یہ ہے کہ اسلامی قوانین وہ ہیں جو فقہ حنفی کے مطابق ہوں۔ مودودی صاحب بھی ان سے متفق ہیں لیکن وہ فقہ کا بھی وہی فیصلہ صحیح مانتے ہیں جو ان کے اجتہاد پر پورا اترے۔ چنانچہ وہ فقہ حنفی کے متعدد مسائل سے اختلاف رکھتے ہیں۔

لہٰذا مودودی صاحب کا مسلک اس باب میں واضح ہے۔ ملک میں کوئی قانون نافذ ہو وہ اسے کبھی اسلامی قرار نہیں دیں گے۔ جب تک وہ ان کے اپنے معیار پر پورا نہیں اتریگا

(باقی صفحہ ۸ پر)

اسلام اور آزادئ تبلیغ

از مکرم ملک سیف الرحمن صاحب فاضل

(۲)

اسلام مذہب کے بارہ میں طاقت کے استعمال کا قائل نہیں

اس آیت سے صاف ظاہر ہے کہ کسی گمراہی کو ڈنڈے کے زور سے دور کرنا اسلام کے نزدیک ایک بے معنی بات ہے۔ پھر اگر دین کے بارہ میں زبردستی کرنا ہوتی۔ تو اس کے لئے خدا تعالیٰ خود کافی تھا۔ دوسروں سے اس کو مدد لینے کی ضرورت نہ تھی۔ چنانچہ وہ خود ہی فرماتا ہے "اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو زمین پر سب کے سب بسنے والے ایمان لے آتے" پس جب اللہ تعالیٰ نے باوجود طاقت اور حق کے جبر نہیں کیا۔ تو پھر تم کیوں لوگوں کو ایمان لانے پر مجبور کرتے ہو۔ سو جب خود خدا تعالیٰ نے دین کے معاملہ کو انسان کی اپنی مرضی پر چھوڑا ہے تو دوسروں کو سختی کرنے کا کیا حق ہے۔ غرض اسلام نہ خود دین میں زبردستی کا قائل ہے اور نہ ہی دوسروں کو ایسا کرنے کی اجازت دیتا ہے۔ کیونکہ دینی دعوت کی بنیاد خالص ہمدردی اور دلی خیر خواہی پر ہونی چاہیئے۔ اسی لئے جو لوگ تبلیغ کو طاقت کے زور سے روکتے ہیں۔ ان کے مقابلہ میں انبیاء نے ہمیشہ یہی کہا۔

(۲۹) میں تو اپنے رب کے پیغام پہنچانے آیا ہوں اور دلی خیر خواہی اور دیانت داری سے تمہاری بھلائی چاہنے والا ہوں۔

اسی طرح ایک اور جگہ فرمایا۔

(۳۰) یہ نبی مبشر بشارت دینے والے اور خطرات سے آگاہ کرنے والے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ان کو اس لئے بھیجا ہے تاکہ وہ لوگوں کو بروقت آگاہ کر دیں۔ اور اس طرح سے ان لوگوں کے پاس اللہ تعالیٰ کے خلاف کوئی حجت باقی نہ رہے۔

یہ آیت کتنی واضح ہے۔ کیونکہ کفار اگر اپنے دلائل پیش ہی نہیں کر سکتے تو پھر اللہ تعالیٰ کے خلاف ان کی طرف سے حجت قائم ہونے کے معنی ہی کیا تھے۔ علاوہ ازیں تبلیغ کو بالجبر روکنے والوں پر اللہ تعالیٰ سخت اظہار ناپسندیدگی فرماتا ہے چنانچہ فرمایا۔

(۳۱) یہ کفار جو جبر کے حامی ہیں ان کے سامنے اس شہر کے لوگوں کی مثال پیش کیجئے جن کے پاس اللہ تعالیٰ کے رسول آئے لیکن انہوں نے ان کی باتوں کو سننے کی بجائے الٹا انہیں برا بھلا کہنا شروع کر دیا اور کہا تم ہماری طرح کے انسان ہی تو ہو۔ پھر تمہیں کیسے یہ شرف حاصل ہوگیا۔ رحمن خدا نے تم پر کچھ بھی نازل نہیں کیا۔ تم یونہی جھوٹ بولتے ہو۔ ان رسولوں نے کہا ہمارا رب یقیناً جانتا ہے کہ ہم تمہاری طرف رسول بنا کر بھیجے گئے ہیں۔ اس پر انہوں نے کہا تم لوگ ہمارے اندر نحوست پھیلانے کے لئے آگئے ہو۔ اگر باز نہ آئے تو ہم تمہیں پتھر مار مار کر ہلاک کر ڈالیں گے۔ اور سخت سزا دیں گے۔ رسولوں نے جواب دیا کہ نحوست تو تم خود اپنے لئے مول لے رہے ہو کہ حق بات کو مانتے نہیں۔ اور الٹا دھمکانے اور شور ڈالنے میں مصروف ہو — غرض یہ آیات بڑی وضاحت سے ثابت کر رہی ہیں کہ اسلام نے نہ صرف آزادی تبلیغ کی حمایت کی ہے۔ بلکہ دوسروں کو پورے اعتماد کے ساتھ اپنے دلائل پیش کرنے کی دعوت دی ہے۔

کوئی قوم تبلیغ کی آزادی سے کیوں گھبراتی ہے

دراصل کوئی قوم کسی دوسرے مذہب کی تبلیغ سے اس وقت گھبراتی ہے جبکہ اس کا اپنا مذہب یا تو اپنی صداقت کے دلائل پیش کرنے سے قاصر ہو اور عقلی معیار کے مطابق نہ ہو۔ یا پھر اس قوم کے مذہبی راہنماؤں نے اپنے فرض کی ادائیگی میں سخت کوتاہی سے کام لیا ہو۔ اور اپنے عوام کو ان حقائق سے اچھی طرح آگاہ نہ کیا ہو جو ان کے مذہب کی بنیاد ہیں۔ اور فطرت انسانی ہمیشہ ان کی تلاش میں ہمیشہ سرگرداں رہتی ہے کیونکہ جو مذہب دلائل کی دولت سے مالا مال ہو اور ذہن انسانی کو مطمئن کرنے کے سامان اسے میسر ہوں وہ کبھی بھی دوسرے مذاہب کی تبلیغ سے متاثر نہیں ہو سکتا۔ اسی طرح جس مذہب کے راہنما اپنے عوام کی صحیح علمی تربیت کرتے ہیں اور ان کی مذہبی ضروریات سے انہیں مطلع رکھتے ہیں۔ انہیں کسی مخالفانہ پراپیگنڈے سے گھبرانے کی ضرورت نہیں پڑتی۔ کیونکہ اگر عوام پوری طرح اپنے مذہب سے واقف ہوں اور جو راہنمائی اس مذہب سے ان کو ملتی ہے۔ اس پر وہ مطمئن ہوں۔ اور اس کے ساتھ انہیں مادی پریشانیوں سے دوچار نہ ہونا پڑے۔ ان کی اقتصادیات مضبوط ہوں اور ان کی سیاست شاہراہ ترقی پر گامزن ہو۔ تو پھر کوئی بھی مخالفانہ پروپیگنڈا انہیں گمراہ نہیں کر سکتا۔ اور نہ وہ خود اپنے لئے کسی نئی تبدیلی کی خواہش کر سکتے ہیں۔ درحقیقت کوئی شخص اسی وقت اپنا مذہب تبدیل کرتا ہے۔ جبکہ کسی وجہ سے سابقہ مذہب کے متعلق اس کا اطمینان مفقود ہو جائے۔ اور وہ یہ خیال کرے کہ یہ اطمینان اسے فلاں مذہب کے ذریعہ حاصل ہو سکتا ہے۔ اس وجہ سے وہ اس نئے مذہب کو اپنی زندگی کا نصب العین بناتا ہے۔ اور نئے رشتے جوڑتا ہے۔ پس دوسرے مذاہب کی ترقی کو روکنے کا یہ طریق نہیں کہ ان مذاہب کی تبلیغ ہی روک دی جائے۔ بلکہ صحیح اقدام یہ ہے کہ سچے مذہب کے دلائل سے لوگوں کو روشناس کرایا جائے۔ اور خود اپنے عمل سے اس کی صداقتوں کو ثابت کیا جائے۔ نیز سیاسی اور اقتصادی خوشحالی کو عام کیا جائے۔ ...... اسی طرح قوم کی تنظیم مستحکم ہو۔ اور نصب العین سے اسے والہانہ محبت ہو۔ جب تک قوم کے افراد میں یہ زندگی موجود ہو۔ وہ کسی اور مذہبی تحریک کو قبول کرنے کا خیال تک اپنے دل میں نہیں لا سکتے۔ کیونکہ نئے مذہب اور نئی تحریک کی جگہ اسی وقت بنتی ہے۔ جبکہ عالمگیر ذہنی خلفشار نے عوام کو اپنی لپیٹ میں لے لیا ہو۔ وہ اقتصادی طور پر بدحال اور اخلاقی لحاظ سے تباہ حال ہو چکے ہوں اور اس حد تک نوبت اسی وقت پہنچتی ہے جبکہ علماء مذہبی پیشوا اور سیاسی راہنما خود ان بیماریوں کا شکار ہو جاتے ہیں۔ اور تعمیری لحاظ سے اس مشکل صورت حال کا سامنا کرنے کی جرأت نہیں کر سکتے لیکن ایسے حالات میں اگر دوسرے مذاہب کی تبلیغ کو روک بھی دیا جائے۔ تب بھی اصل خرابی دور نہ ہوگی۔ اور مذہب سے عوام کی برگشتگی اور بددلی کا جو خدشہ پیدا ہوگیا ہے۔ وہ بہرصورت موجود رہے گا بعض لوگوں کی طرف سے اس اشکال کا یہ حل پیش کیا جاتا ہے کہ اسلام دوسرے مذاہب کو تبلیغ کی اجازت تو دیتا ہے۔ لیکن تبدیلی مذہب کو برداشت نہیں کرتا۔ لیکن یہ صورت پہلی صورت سے بھی بدتر ہے۔ کیونکہ اس کے معنی یہ ہیں کہ اسلام ذہنی انتشار اور روحانی بے اطمینانی پھیلانے کی اجازت تو دیتا ہے۔ لیکن اس بیماری کے علاج کو برداشت نہیں کرتا۔ تبلیغی آزادی کے دو ہی نتیجے برآمد ہو سکتے ہیں۔ یا تو تبلیغ کرنے والے کے دلائل کی کمزوری سے لوگ واقف ہو جائیں گے۔ یا یہ ماننے پر مجبور ہوں گے کہ تبلیغ کرنے والا اپنے مذہب کے مضبوط دلائل اور صداقت کے حق میں ثبوت رکھتا ہے۔ پہلی صورت میں تو تبدیلی مذہب کا کوئی سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ اور دوسری صورت میں اس مذہب کی صداقت ذہن نشین ہو جانے والے کو اس کے قبول کرنے سے روکنا بہت بڑی غلطی ہے۔ اس سے تو یہی بہتر ہے کہ سرے سے تبلیغ ہی بند کر دی جائے۔ تاکہ لوگوں کو نہ کسی اور مذہب کے وجود سے واقفیت ہو اور نہ وہ اس جمود کو توڑنے کی ضرورت محسوس کریں۔

تبلیغ پر پابندی زوالِ قومی کا باعث ہے

لیکن ظاہر ہے اگر یہ اقدام ... تو قوم پر ذہنی جمود مسلط کر دے گا۔ اور دن بدن جہالت کے عمیق گڑھوں میں گرتی چلی جائے گی

گھر بیٹھے دنیا کی سیر

احمدی مجاہدین اکناف عالم میں دن رات اسلام پھیلا رہے ہیں۔ آپ الفضل کے ذریعہ بآسانی ان کی تبلیغی سرگرمیوں سے باخبر ہو سکتے ہیں۔

آج ہی الفضل کا روزانہ پرچہ جاری کروا کر گھر بیٹھے دنیا کی سیر کا سامان کیجئے۔

(مینیجر الفضل ربوہ)

درحقیقت مختلف قوموں کا تہذیبی تصادم ہی ایک ایسا ذریعہ ہے جس سے علوم وفنون ترقی پاتے ہیں اور تہذیبیں عروج کے مراحل طے کرتی ہیں۔ اگر ہم اس ذریعہ کو بند کر دیں تو علوم کے سرچشمے خشک ہو جائیں گے۔ اور انسانی ذہن کھڑے پانی کی طرح اپنی تازگی کھو بیٹھے گا۔ لیکن شگفتہ سوسائٹی کے لئے یہ ایک انتہائی ناموافق صورت ہے۔ علاوہ ازیں یہ کوئی قابل فخر کارنامہ نہیں کہ کسی کو صرف اپنے مذہب پر قائم رہنے کی اجازت دی جائے اور تبلیغ و اشاعت کے ذریعے اسے اپنی تعداد میں اضافہ کرنے کا موقعہ نہ دیا جائے۔ کیونکہ غلبہ حاصل کرنے کے بعد ازراہِ ترحم اپنے مذہب پر قائم رہنے کی اجازت دینا زیادہ سے زیادہ ایک رعایت کہلا سکتی ہے۔ لیکن انصاف اور رواداری کی اعلیٰ مثال اس سے قائم نہیں ہو سکتی حالانکہ عقیدے کی اشاعت اور دوسرے کو اپنا ہم خیال بنانے کی اجازت انسانی حقوق میں ایک نہایت اہم حق ہے اور اسی حق کو حاصل کرنے کے لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو لڑائیاں لڑنی پڑیں۔ آخر کفار مکہ اور عرب کے قبائل کیا چاہتے تھے یہی کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم دوسروں کو اپنا ہم خیال بنانا چھوڑ دیں ورنہ ہم اس اقدام سے انہیں بجبر روکیں گے دوسری طرف آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا مطالبہ یہ تھا کہ انسان کا یہ ایک بنیادی حق ہے اور مجھے اس کے استعمال کرنے سے روکنا سراسر ظلم ہے۔ چنانچہ ابوداؤد کی روایت ہے کہ حضورؐ نے فرمایا ان لوگوں نے مجھے اپنے رب کا کلام پہنچانے سے روک دیا ہے۔

۳۲۔ پس یہ کیسے تسلیم کیا جا سکتا ہے کہ جس حق کے حاصل کرنے کے لئے آپ کو لڑنا پڑا اور وہ حق جب آپ کو حاصل ہو گیا تو آپ نے نعوذ باللہ دوسروں کو یہ حق دینے سے انکار کر دیا۔ حالانکہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں

احب للناس ما تحب لنفسك

کہ ایمان کا ادنیٰ درجہ یہ ہے کہ دوسروں کے لئے وہی پسند کرے جو اپنے لئے پسند کرتا ہے۔ پس اسلام کے اصول فطرۃً اس نظریہ کی پر زور تردید کرتے ہیں اور نصوص قرآنی اس خیال کو دھکے دیتی ہیں۔ چنانچہ فرمایا:۔

دین کے بارہ میں کوئی جبر نہیں۔ کیونکہ ہدایت اور گمراہی ایک دوسرے سے ممتاز ہو چکی ہیں۔ اس لئے جب ایک شخص طاغوتی طاقتوں کا انکار کرتا ہے اور خلوصِ قلب سے بغیر کسی دباؤ کے ایمان لاتا ہے تو وہ ایک ایسے مضبوط کڑے کو پکڑے ہوئے ہے۔ جو ٹوٹنے کا نہیں۔ اللہ تعالےٰ اس کے زبانی اقرار کو سننے والا اور اس کے دل کے اخلاص کو جاننے والا ہے۔

یہ نص آزادیٔ مذاہب کا واضح ترین اعلان ہے۔ اس پر کوئی غبار نہیں یہاں تک کہ خود مسلمان علماء نے اس آیت کے یہی معنی سمجھے۔ چنانچہ علامہ جصاص اپنی مایۂ ناز کتاب میں لکھتے ہیں:۔

یعنی لا اکراہ صورت کے لحاظ سے گو خبر ہے لیکن حقیقت میں یہ امر ہے یعنی اللہ تعالےٰ نے اس میں حکم دیا ہے کہ دین کے بارہ میں کسی پر جبر نہ کرو۔

چونکہ بعض علماء آزادیٔ مذہب کے قائل نہیں تھے اس لئے انہوں نے اس آیت کو منسوخ مانا۔ اس سے بھی صاف ظاہر ہے کہ یہ آیت اپنی ذات میں آزادیٔ مذہب کا ایک واضح برہان تھی۔ باقی رہا آیت کی منسوخی کا عقیدہ تو بجائے خود یہ ایک باطل عقیدہ ہے اور خود اس زمانے کے علماء اس عقیدہ کے قائل نہیں رہے۔ اسی لئے انہوں نے پرانے مسلک کو ترک کر کے اس آیت کی تاویل ایک نئے انداز میں پیش کی ہے۔ وہ کہتے ہیں اسلام لانے پر مجبور کرنا یا اسلام چھوڑنے سے کسی کو جبراً روکنا درحقیقت اکراہ اور زبردستی کے ماتحت آتا ہی نہیں کیونکہ یہ ایسا ہی ہے جیسے ایک مریض کو زبردستی دوائی پلائی جائے چونکہ کفار روحانی مریض ہیں اس لئے اگر وہ خوشی سے اس مرض کو دور کرنے والی دوائی نہ پئیں گے تو یہ دوائی انہیں جبراً پلائی جائے گی۔ سو یہ جبر دراصل جبر ہی نہیں بلکہ یہ تو نری خیر خواہی ہے۔ لیکن یہ تاویل جیسی کچھ مضبوط ہے اُسے ہر عقلمند سمجھ سکتا ہے اسی طرح اللہ تعالےٰ نے فرمایا "لکم دینکم ولی دین" "نہ ماننے والو تم اپنے دین پر قائم رہو میں اپنے دین پر قائم ہوں"

ایسے ہی ایک اور جگہ فرمایا "ہر قوم کے لئے ہم نے مقدس عبادتگاہیں اور عبادت کے مخصوص طریقے تجویز کئے ہیں۔ جہاں جائے اور اپنے مخصوص طریق سے عبادت کرنے کا انہیں پورا پورا حق ہے۔ پھر وہ آپ سے آپ کے معاملہ اور مسلک کے بارہ میں نامعلوم کیوں جھگڑتے اور تنازعے پیدا کرتے ہیں۔"

پھر فرمایا "تم میں سے ہر ایک گروہ کے لئے ہم نے ایک شریعت اور مذہب مقرر کیا ہے اور اگر اللہ تعالےٰ چاہتا تو وہ خود تم سب کو (بجبر) ایک ہی امتی بنا دیتا لیکن وہ چاہتا ہے کہ اس نے جو کچھ تمہیں دیا ہے اس میں وہ تمہیں آزمائے۔ پس نیک اور رفاہ عامہ کے کاموں میں ایک دوسرے سے بڑھ کر اپنے عمل سے اپنے مسلک کی سچائی اور افادیت کو ثابت کرو" یعنی جبر کی بجائے تمہیں اشاعتِ حق کے لئے یہ راہ اختیار کرنی چاہیئے۔

ایک اور جگہ فرمایا: ان لوگوں کو جنہیں کتاب دی گئی اور ان لوگوں کو جو ان پڑھ ہیں کہہ دیجئے۔ کیا تم دلائل اور نشانات کو دیکھ کر اسلام لاتے ہو۔ پس اگر وہ تمہارے کہنے کے مطابق ایمان لے آئیں تو یقیناً وہ ہدایت پا گئے۔ اور انہوں نے پیٹھ پھیر لی تو آپ کے ذمہ تو صرف پہنچا دینا ہے۔

غرض اسلام کا یہ ایک مایۂ ناز کارنامہ ہے کہ وہ اصول جسے اقوام عالم آج اپنا رہی ہیں اسلام نے پونے چودہ سو سال قبل اسکو اپنے دستور کا ایک اہم حصہ قرار دے کر تحریر و تقریر اور غور و فکر کی آزادی کو ہر انسان کا حق مانا ہے (اسلام اور غیر مسلم رعایا بحوالہ ...)

تشخیص بجٹ خدام الاحمدیہ ۶۳-۱۹۶۲ء

تمام مجالس خدام الاحمدیہ کو سال ۶۳-۱۹۶۲ء کے بجٹ کی تشخیص کے لئے فارم جولائی کے شروع میں بھجوائے گئے تھے۔ مرکز میں بجٹ پہنچنے کی آخری تاریخ ۵ اگست ہے۔ جملہ قائدین سے التماس ہے کہ وہ اس تاریخ سے پہلے پہلے اپنے بجٹ بھجوا دیں۔

قائدین اضلاع اور علاقہ بھی اس بارے میں توجہ فرمائیں کیونکہ ابھی تک بہت کم مجالس کی طرف سے بجٹ موصول ہوئے ہیں۔ (مہتمم مال)

انصار اللہ کا سالانہ اجتماع

ذکر الٰہی اور روحانیت کی فضا میں تین دن

جیسا کہ اعلان کر دیا جا چکا ہے۔ امسال ہمارا سالانہ اجتماع انشاء اللہ ۲۶-۲۷-۲۸ اکتوبر ۱۹۶۲ء کو ربوہ میں منعقد ہو گا۔ اس اجتماع میں شمولیت اللہ تعالےٰ کے فضل سے سعادتِ عظمیٰ کا درجہ رکھتی ہے۔ اس گوناگوں برکات کے حامل اجتماع میں شامل ہونے والوں کے لئے ذکر الٰہی پر سوز دعاؤں کے علاوہ بزرگان سلسلہ کی بیش بہا نصائح سننے کے بیشمار مواقع میسر آتے ہیں۔ یہ تین دن جو اجتماع میں گزارے جاتے ہیں روحانیت کے لحاظ سے انسان کی کایا پلٹ کر رکھ دیتے ہیں۔ اور قلوب میں روحانیت کی نمایاں ترقی محسوس کی جاتی ہے۔ اور انصار یہ عزم لے کر واپس جاتے ہیں کہ اجتماع سے پیدا ہونے والی تبدیلی کو برقرار رکھیں گے چنانچہ قریشی عبد الرحمٰن صاحب ناظم اعلےٰ انصار اللہ سابق صوبہ سندھ و بلوچستان ایک گذشتہ اجتماع کے متعلق فرماتے ہیں:۔

"اجتماع میں یہ معلوم ہوتا تھا کہ میں خالصتہً ایک روحانی ماحول میں ہوں اور روحانی ہستیوں کی پاک صحبت سے مستفید ہو رہا ہوں الغرض تمام وقت ایسا روحانی سرور حاصل ہوتا رہا جسے الفاظ میں بیان کرنا مشکل ہے۔"

(قائد عمومی انصار اللہ مرکزیہ)

ہفتہ شجرکاری اور خدام

مغربی پاکستان میں ۳ اگست سے ۹ اگست تک ہفتہ شجرکاری منایا جا رہا ہے محکمہ جنگلات پودے اور قلمیں مہیا کرے گا۔ تمام مجالس خدام الاحمدیہ سے گذارش ہے کہ وہ اس ہفتہ کو پوری کوشش سے منانے کا اہتمام کریں اور متعلقہ محکمہ کے تعاون سے زیادہ سے زیادہ درخت لگائیں اور ان کی پرورش اور نگہداشت کا بھی مناسب انتظام کریں۔ نیز اسی سلسلہ میں مرکز کو بھی اپنی کارگزاری کی مکمل اور مبسوط رپورٹ بھجوائیں۔

(مہتمم وقار عمل مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ)

لجنہ اماء اللہ کا سالانہ اجتماع

لجنہ اماء اللہ کا چھٹا سالانہ اجتماع خدام الاحمدیہ کے سالانہ اجتماع کے ساتھ ۱۹-۲۰-۲۱ اکتوبر ۶۲ء کو منعقد ہو رہا ہے۔ تمام لجنات کو ہدایات بھجوا دی ہیں براہ مہربانی تمام لجنات ہدایات کے مطابق عمل کر کے جواب ارسال فرما دیں

(جنرل سیکرٹری لجنہ اماء اللہ مرکزیہ)

ترک سگریٹ نوشی سے ۲ دو لاکھ روپے کی بچت

(از مکرم چوہدری شبیر احمد صاحب وکیل المال اول تحریک جدید)

قارئین الفضل کی دلچسپی کے لئے روزنامہ نوائے وقت مورخہ ۲ راگست ۶۲ء کی ایک خبر بعنوان بالا درج ذیل کی جاتی ہے

قارئین الفضل کی دلچسپی کے لئے روزنامہ نوائے وقت مورخہ ۲ راگست ۶۲ء کی ایک خبر بعنوان بالا درج ذیل کی جاتی ہے۔

"گڑگاؤں۔ یہاں سے ایک میل دور چندر نگر گاؤں کے ایک مخیر شخص چھیانوے سالہ مسٹر رام چندر مہر دواج نے سگریٹ نوشی ترک کرنے سے دو لاکھ روپے کی جو رقم بچائی ہے وہ زچہ بچہ کے ایک ہسپتال کی تعمیر کے لئے دے دی ہے

مسٹر بھردواج نے جو چین سموکر Chain-smoker (مسلسل سگریٹ پینے والے تھے ۱۹۱۵ء میں سگریٹ نوشی ترک کی تھی جب کہ نواحی گاؤں چکر پور حقہ کی ایک چنگاری کی وجہ سے جل کر خاکستر ہوگیا تھا زچہ بچہ کا مجوزہ ہسپتال گڑگاؤں مہر دلی روڈ پر تعمیر کیا جائے گا حکومت مشرقی پنجاب نے اس ہسپتال کی تعمیر کے لئے اتنی ہی رقم اپنے پاس سے دینے کا وعدہ کیا ہے مسٹر بھردواج کے برمن دوست نے اس ہسپتال کے لئے دو لاکھ روپے کی مالیت کا ساز و سامان دینے کا وعدہ کیا ہے"

اس سے ظاہر ہے کہ چھوٹی چھوٹی بچتوں سے بعض اوقات کتنے عظیم الشان کام انجام پاتے ہیں اسی قیمتی نکتہ کو ذہن نشین کرانے کے لئے ہمارے دوربین اور اولوالعزم امام نے آج سے اٹھائیس سال پہلے تحریک جدید کے مطالبات میں سب سے پہلا مطالبہ "سادہ زندگی" کا بیان فرمایا تھا جس کی تفصیل میں لغویات اور فضول خرچیوں سے پرہیز کی تلقین کی تھی جماعت کے ایک مخلص حصہ نے اس پر لبیک کہا اور اگرچہ وہ قلیل ہیں پیغام حق پہنچانے کی سعادت پائی بجالیکہ یہ کام بڑی بڑی جماعتیں اور مال و دولت رکھنے والے نواب اور رؤسا نہ کر سکے لیکن ابھی ہمارا کام ختم نہیں ہوا بالفاظ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ :-

"ہمارا کام بہت وسیع ہے اور ہم نے ساری دنیا میں اسلام اور احمدیت کو پھیلانا ہے اور یہ کام تقاضا کرتا ہے کہ ہم تحریک جدید کی طرف زیادہ توجہ کریں"!

پس اشاعت اسلام سے دلچسپی رکھنے والی جماعت کے لئے اس خبر میں ایک قیمتی سبق ہے کہ جب ایک فرد کی سادہ زندگی ہزاروں نفوس کی فلاح و بہبود کے لئے ایک ہسپتال کے قیام کا باعث ہوئی ہے تو ہماری جماعت کے سارے احباب کی سادہ زندگی کیوں نہ ساری دنیا میں جلد از جلد اسلام کو پھیلانے اور اس کا جھنڈا ہر ملک میں تمام جھنڈوں سے بلند تر نصب کرنے پر منتج ہوگی؟ انشاء اللہ تعالیٰ ایسا ہوگا اور ضرور ہوگا!! ع

قضائے آسماں است ایں بہر حالت شود پیدا

ضرورت صرف اس بات کی ہے کہ جماعت کے چھوٹے بڑے مرد عورت امیر غریب سب اس راہ کو اختیار کریں اور اللہ تعالیٰ کے انعامات کے وارث بنیں۔

(وکیل المال اول تحریک جدید)

درخواستہائے دعا

۱۔ برادرم رفیع احمد صاحب ناصر مالک ناصر دواخانہ ربوہ تقریباً تین ماہ سے بیمار ہیں اب بفضل تعالیٰ پہلے کی نسبت افاقہ ہے بزرگان سلسلہ و درویشان قادیان سے ان کی کامل و عاجل شفایابی کے لئے درخواست دعا ہے۔ (محمد لطیف ربوہ)

۲۔ خاکسار کے دوست عبدالستار صاحب کلرک دفتر عمر ہوسٹل ٹائیفائڈ سے بیمار ہیں اور سرگودھا ہسپتال میں داخل ہیں۔ احباب جماعت و بزرگان سلسلہ دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ انہیں صحت کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے۔ (رشید احمد زیروی ربوہ)

۳ خاکسار کا لڑکا بدر اسلام سعید بغرض اعلیٰ تعلیم مغربی جرمنی کو روانہ ہوا ہے سب بہن بھائیوں کی خدمت میں التجا ہے کہ وہ دعا فرمائیں کہ خدا بچے کو دینی و دنیاوی ترقیات عطا کرے (خاکسارہ بیگم پیر عبدالقدوس - ۵۲ راج گڑھ روڈ لاہور)

۴۔ میں عرصہ دو ماہ سے بیمار ہوں چلنے پھرنے سے معذور ہوں احباب جماعت میری مکمل شفایابی کے لئے دعا فرما دیں۔ (مرزا عبدالغنی بھارت نگر لاہور۔)

۵۔ میں نے اپنی ملازمت کے سلسلہ میں رٹ پٹیشن دائر کی ہے احباب میری کامیابی کے لئے دعا فرمائیں۔ (خاکسار جلیل محمد جلال پور جٹاں گجرات)

مراسلہ

ایک خط۔ جو ہفت روزہ شہاب نے شائع نہیں کیا

مورخہ ۱۷ رجون ۱۹۶۲ء کے شہاب میں سید جمال احمد صاحب امین آبادی کا ایک مضمون بعنوان "ایک قادیانی مولوی سے مناظرہ" شائع ہوا ہے جس میں صاحب مضمون نے ایک احمدی عالم کا خاکہ اڑا کر قارئین شہاب کے لئے مصنوعی تسکین قلب کا سامان مہیا کرنے کی کوشش کی ہے۔

راقم الحروف نے ایڈیٹر شہاب کے نام مندرجہ ذیل خط بصیغہ رجسٹری مع جوابی رسید لکھا اور اسے ہفت روزہ شہاب میں شائع کرنے کی درخواست کی مگر تادم تحریر وہ خط ہفت روزہ شہاب میں شائع نہیں ہوا اور نہ ہی آئندہ شائع ہونے کی امید ہے لہذا اس خط کی نقل قارئین الفضل کی خدمت میں پیش کی جاتی ہے۔

مکرمی جناب ایڈیٹر صاحب ہفت روزہ شہاب۔

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ میں آپ کی وساطت سے اپنا پیغام جناب جمال احمد صاحب امین آبادی تک پہنچانا چاہتا ہوں امید ہے کہ آپ یہ مراسلہ "ہفت روزہ شہاب" میں شائع فرما کر ممنون فرمائیں گے۔

جناب عالی! آپ کا مضمون بعنوان "ایک قادیانی مولوی سے مناظرہ" مورخہ ۱۷ رجون ۱۹۶۲ء کے "شہاب" میں نظر سے گزرا آپ نے جس انداز میں ایک احمدی عالم کی گھبراہٹ کا نقشہ کھینچنے کی کوشش کی ہے وہ بالکل مصنوعی اور خود ساختہ ہے کیونکہ جن سوالات کا ذکر آپ نے اپنے مضمون میں کیا ہے ان کے جوابات ایک احمدی عالم تو درکنار ایک پرائمری پاس احمدی بچہ بھی آسانی سے دے سکتا ہے میں اس بحث میں نہیں پڑنا چاہتا کہ آیا ایسا کوئی مناظرہ کسی گاؤں میں ہوا تھا یا اس نے اخبار کے دفتر میں جنم لیا ہے میں آپ کی خدمت میں گزارش کرتا ہوں کہ مجھے آپ کی وہ جملہ شرائط منظور ہیں جن کا ذکر آپ نے اپنے مضمون میں فرمایا ہے اگر احمدیت کے خلاف آپ واقعی ناقابل تردید دلائل رکھتے ہیں تو "شہاب" کے صفحات میں خاکسار سے تبادلہ خیالات فرمائیے پھر قارئین شہاب خود ہی اندازہ لگا لیں گے کہ آیا مناظرہ میں احمدی عالم گھبرایا تھا یا آپ نے اپنی خفت مٹانے کے لئے اپنی گھبراہٹ احمدی عالم کے سر منڈھ دی ہے۔

میں کوئی بہت بڑا عالم تو نہیں البتہ عرصہ دس سال تک کالعدم مودودی جماعت میں کام کر چکا ہوں اور کافی عرصہ تک مودودی جماعت حبیب آباد کا پروپیگنڈا سیکرٹری رہ چکا ہوں اس لئے آپ کے پروپیگنڈا کی تکنیک کو بخوبی سمجھتا ہوں امید ہے کہ آپ میری اس گزارش کو قبول فرمائیں گے۔

(آپ کا خیر اندیش۔ ارشاد احمد شکیب میونسپل روڈ حبیب آباد)

وعدہ کنندگان سے ایک سوال

امسال تحریک جدید کا چندہ ہمیں کم از کم چار لاکھ روپیہ فراہم کرنا ہے ماہ جولائی کے اختتام پر سال رواں کا ۳/۴ حصہ گزر چکا ہے جس میں وصولی قریباً پچاس فی صدی کی ہوئی ہے اب سوال یہ ہے کہ بقیہ پچاس فی صدی چندہ سال کے ۱/۴ حصہ میں کیونکر وصول ہوگا۔

اس کا جواب وعدہ کنندگان کی ہمت اور عزم استقلال میں مضمر ہے اب انہیں صحابہ کرام جیسا جوش دکھانے کی ضرورت ہے۔

(وکیل المال اول تحریک جدید ربوہ)

مختلف مقامات پر احمدی جماعتوں کے تربیتی جلسے

جماعت احمدیہ درکاں والا علاقہ روڈہ تحصیل خوشاب:- مورخہ ۲۷/۷/۶۲ بروز جمعۃ المبارک بعد نماز عشاء خاکسار کی صدارت میں ایک جلسہ ہوا۔ تلاوت قرآن کریم اور نظم کے بعد مکرم چوہدری عبدالکریم خاں صاحب شاہد کاٹھ گڑھی مربی سلسلہ عالیہ احمدیہ نے "اسلامی آداب" کے موضوع پر تقریر فرمائی۔ اس کے بعد مکرم حافظ الہ داد صاحب معلم اصلاح و ارشاد تحصیل روڈہ نے تربیتی امور کے متعلق تقریر فرمائی دونوں تقریریں نہایت توجہ سے سنی گئیں۔

(ملک مہر محمد خاں درک پریذیڈنٹ جماعت احمدیہ میاں درکاں والا تحصیل خوشاب ضلع سرگودھا)

نڑہ بالی حلقہ روڈہ:- مورخہ ۲۶/۷/۶۲ بعد نماز عشاء جماعت احمدیہ ہذا کا تربیتی جلسہ منعقد ہوا جس میں چوہدری عبدالکریم صاحب کاٹھ گڑھی مربی سلسلہ صدر جلسہ اور مکرم حافظ الہ داد صاحب معلم اصلاح و ارشاد روڈہ نے تقاریر کیں۔

(ملک شیر محمد خاں جویہ زعیم انصار اللہ نڑہ بالی حلقہ روڈہ ضلع سرگودھا۔)

فرید آباد ضلع سرگودھا:- مسعود آباد چک منگلہ ضلع سرگودھا کا تربیتی جلسہ سالانہ مورخہ ۲۶/۷/۶۲ بروز جمعرات زیر صدارت مکرم مولانا احمد خاں صاحب نسیم منعقد ہوا۔ جس میں مکرم گیانی واحد حسین صاحب مکرم احمد علی شاہ صاحب مربی سرگودھا خاکسار اور صدر صاحب نے تقریریں کیں لاؤڈ سپیکر کا انتظام تھا خدا تعالیٰ کے فضل سے جلسہ کامیاب رہا ارد گرد کی تمام جماعتوں کے نمائندگان نے شمولیت کی۔

ہر صاحب استطاعت احمدی کا فرض ہے کہ وہ الفضل خود خرید کر پڑھے (مینیجر)

امسال حج بیت اللہ سے مشرف ہونے والے احمدی حجاج

(از مکرم حکیم عبداللطیف صاحب شاہد)

حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب مدظلہ العالی نے خاکسار کو اپنے ایک مکتوب گرامی میں یہ ارشاد تحریر فرمایا تھا "اگر ممکن ہو تو واپسی سے پہلے تمام احمدی حجاج کی فہرست مکمل کر لیں" آپ کے ارشاد کی تعمیل میں مندرجہ ذیل فہرست مرتب کی گئی ہے گو یہ بھی مکمل فہرست نہیں کہلا سکتی کیونکہ اس میں افریقہ وغیرہ بیرونی ممالک کے احمدی حجاج کے نام شامل نہیں اور بوجہ زبان کی ناواقفیت کے ان کا مجھے علم نہیں ہو سکا ۱۹۶۰ء میں چھبیس افریقی احمدی شامل ہوئے تھے جناب شیخ مبارک احمد صاحب فاضل رئیس التبلیغ مشرقی افریقہ کی وساطت سے اس کا علم ہو سکا تھا ۱۹۶۱ء اور ۱۹۶۲ء میں کوئی ایسا احمدی نہ تھا جو افریقی احمدیوں سے متعارف ہو اس لئے ان دو سالوں کے احمدی حجاج کا علم نہیں ہو سکا۔

مورخہ ۲۰ر جولائی ۶۲ء کو میں ایک دوست سے گفتگو کر رہا تھا تو ایک نئے احمدی حاجی کا نام انھوں نے بتایا جو مجھے پہلے معلوم نہ تھا اس کے علاوہ ہندوستان سے جانے والے بلکہ پاکستان سے جانے والے تمام احمدی حجاج کا مکمل پتہ بھی نہیں چل سکا اس وقت جو احمدی حجاج میرے علم میں آئے ان کی فہرست درج ذیل ہے:-

۱۔ محترم خان عبداللطیف خان صاحب آف جزیرہ فجی
۲۔ محترمہ بہن گل نساء صاحبہ اہلیہ خان صاحب
۳۔ محترم محمد سوکیا صاحب آف جزیرہ ماریشس
۴۔ محترمہ بیوہ غلام احمد سجان مرحوم
۵۔ محترم بشیر سجان ابن غلام احمد سجان مرحوم
۶۔ برادرم محترم خلیفہ عبدالرحمٰن صاحب نائب امیر جماعت احمدیہ کوئٹہ
۷۔ محترمہ زبیدہ بیگم صاحبہ اہلیہ برادرم خلیفہ صاحب کوئٹہ
۸۔ محترم چوہدری بشیر احمد صاحب گجراتی چیف ریڈیو آفیسر سفینۃ الحجاج
۹۔ خاکسار حکیم عبداللطیف گجراتی منجانب حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب مدظلہ العالی
۱۰۔ چوہدری نعیم احمد صاحب ابن چوہدری ظفر الحسن صاحب گجراتی مقیم کراچی
۱۱۔ محترم ڈاکٹر عطاء اللہ صاحب برادر خورد برادرم ملک صلاح الدین صاحب ایم اے قادیان
۱۲۔ اہلیہ محترم ڈاکٹر صاحب
۱۳۔ عزیزہ فرحت بنت ڈاکٹر صاحب
۱۴۔ محترم ڈاکٹر کرنل عطاء اللہ صاحب
۱۵۔ اہلیہ ڈاکٹر صاحب ″ ″
۱۶۔ میاں محمد سعید صاحب گجراتی ابن مرحوم میاں محمد یوسف صاحب نائب امیر جماعت احمدیہ لاہور۔
۱۷۔ پھوپھی صاحبہ میاں محمد سعید صاحب
۱۸۔ برادرم مہتہ عبدالخالق صاحب
۱۹۔ اہلیہ محترمہ مہتہ صاحب
۲۰۔ والدہ ماجدہ مہتہ صاحب
۲۱۔ استانی رضیہ بیگم صاحبہ سیالکوٹ
۲۲۔ برادرم غلام محمد صاحب منٹگمری
۲۳۔ برادرم محمد سلیمان صاحب مشرقی بنگال
۲۴۔ برادرم محمد شفیع صاحب گجراتی ۹ چک ... سرگودھا
۲۵۔ محترمہ اہلیہ ″ ″ ″ ″
۲۶۔ قریشی ایم اے عارف صاحب تھانہ مزنگ۔ لاہور۔

زمیندار بھائیوں کیلئے لمحہ فکریہ

سیدنا حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:-

"قربانی کا بہترین وقت جنوری سے لے کر جون جولائی تک ہوتا ہے خرچ کم ہوتا ہے اور زمینداروں کی دونوں فصلوں کی آمد اس عرصہ میں آجاتی ہے پھر تازہ وعدہ کی وجہ سے دلوں میں جوش ہوتا ہے جو اس وقت کو گزار دیتا ہے وہ اپنے آپ کو وعدہ خلافی کے خطرہ میں ڈال لیتا ہے"

وعدہ کا ایفاء جلد از جلد کرنا لازمی ہے اب ماہ اگست جا رہا ہے زمیندار بھائی اپنا وعدہ فوری طور پر ادا فرما کر عنداللہ ماجور ہوں۔

(وکیل المال اول تحریک جدید ربوہ)

لجنات اماء اللہ اور شعبہ خدمت خلق

لجنہ اماء اللہ مرکزیہ کے زیر انتظام ایک شعبہ "خدمت خلق" کا قائم ہے جس کا فنڈ صاحب استطاعت بہنوں کی طرف سے جو عطایات ملتے رہتے ہیں ان سے بنتا ہے اس فنڈ سے مستحق مستورات اور بچوں کو امداد دی جاتی ہے۔

چنانچہ میں بہنوں سے درخواست کرتی ہوں کہ وہ اس مد میں رقوم بھجوائیں تاکہ لجنہ مرکزیہ کے زیر انتظام یہ شعبہ نادار اور مستحق مستورات اور بچوں کی مدد کر سکے ابھی تک اس شعبہ کی طرف بہنوں کی بہت کم توجہ ہے۔

(جنرل سیکرٹری لجنہ اماء اللہ مرکزیہ)

درخواست دعا:- میرے بھائی محمد اشرف صاحب ماڈل ٹاؤن لاہور ان دنوں کسی ذریعہ معاش کی تلاش میں مصروف ہیں بزرگان سلسلہ اور درویشان قادیان دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ ان کے لئے آمدنی کا کوئی بہتر وسیلہ پیدا کرے۔

(نذیر احمد ناصر ربوہ)

مہمان خانہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے لئے صدقات

(از صاحبزادہ مرزا انوار احمد صاحب افسر لنگر خانہ ربوہ)

ماہ جولائی ۶۲ء میں مندرجہ ذیل بھائیوں اور بہنوں کی طرف سے صدقات و عطیہ جات کی رقوم موصول ہوئی ہیں۔ جزاہم اللہ احسن الجزاء

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کے صدقات کو قبول فرمائے اور ہر مصیبت و بلا سے ان کو محفوظ رکھے اور ہر آن ان سب کا حافظ و ناصر ہو۔ آمین۔

صدقات

۱۔	ملک حبیب الرحمٰن صاحب ربوہ	صدقہ بکرا۔	۲۵۔۰۰ روپے
۲۔	مولوی محمد شریف صاحب طارق لبن کمپنی لاہور	صدقہ	۳۰۔۰۰ ″
۳۔	اہلیہ ڈاکٹر عطاء اللہ خان صاحب مدہ	″	۵۰۔۰۰ ″
۴۔	غلام جیلانی صاحب ربوہ	″	بکرا ایک عدد
۵۔	بیگم ڈاکٹر عبدالرحمٰن صاحب کراچی	صدقہ بکرا	۳۰۔۰۰ ″
۶۔	حفیظ الرحمٰن صاحب فاروقی ناظم آباد کراچی بذریعہ دفتر خدمت درویشاں	صدقہ	۳۰۔۰۰ ″
۷۔	حکیم مرغوب اللہ صاحب شیخوپورہ	صدقہ	۱۔۰۰ ″
۸۔	میاں نثار احمد صاحب پشاور	″	۱۰۔۰۰ ″
۹۔	فلائٹ لیفٹیننٹ محمود احمد صاحب باجوہ پشاور	″	۵۔۰۰ ″
۱۰۔	چوہدری ناصر محمد صاحب سیال ربوہ	″	۱۔۲۵ ″
۱۱۔	سید محمود احمد صاحب ابن حاجی جنود اللہ صاحب ڈپٹی مرمن سرگودھا	″	۱۔۵۰ ″
۱۲۔	مرزا عبدالرحمٰن صاحب کراچی	″	۱۔۰۰ ″
۱۳۔	شیخ محمد یوسف صاحب ولطیف احمد صاحب لائل پور	″	۲۔۰۰ ″
۱۴۔	حکیم مرغوب اللہ صاحب شیخوپورہ	″	۱۔۰۰ ″
۱۵۔	بیگم صاحبہ مرزا رشید احمد صاحب لاہور	″	۲۵۔۰۰ ″
۱۶۔	میجر عزیز احمد صاحب شاہ نواز لمیٹڈ راولپنڈی	″	۳۵۔۰۰ ″

عطیہ جات

۱۔	حافظ عبدالرشید صاحب معلم وقف جدید ربوہ	۱۔۰۰ ″
۲۔	چوہدری عطا محمد صاحب سرگودھا	۵۔۰۰ ″

چندہ عمارت فضل عمر جونیئر ماڈل سکول کے لئے اپیل

احباب کو معلوم ہے کہ ربوہ میں عرصہ چار سال سے لجنہ اماء اللہ مرکزیہ کے زیر انتظام فضل عمر جونیئر ماڈل سکول جاری ہے جو اس وقت تک کرایہ کی عمارت میں ہے سکول خدا تعالیٰ کے فضل سے روز بروز ترقی کر رہا ہے ضرورت ہے کہ اس کی عمارت فوراً تعمیر کی جائے عمارت کے لئے زمین خریدی جا چکی ہے لیکن ابھی تک ہم اتنا چندہ جمع نہیں کر سکے کہ عمارت کا کام شروع کر سکیں۔

بجٹ کا جائزہ لینے پر معلوم ہوا کہ گزشتہ دس ماہ میں صرف دو ہزار روپیہ کی رقم اس مد میں چندہ آیا ہے جو نہ ہونے کے برابر ہے تمام لجنات کو چاہیئے کہ وہ سرگرمی سے کام کریں اور جلد از جلد جونیئر سکول کی عمارت کے لئے چندہ جمع کریں خدا تعالیٰ کے فضل سے احمدی مستورات میں قربانی کا مادہ موجود ہے ہماری جماعت کی مستورات اس سے قبل لندن اور ہیگ میں اپنے چندہ سے مساجد تعمیر کر چکی ہیں تو کوئی وجہ نہیں کہ اب جب کہ جماعت خدا تعالیٰ کے فضل سے بہت زیادہ ترقی کر چکی ہے ایک سکول کی عمارت نہ تعمیر کر سکیں۔

اس سکول میں جماعت پنجم تک لڑکے بھی پڑھتے ہیں اس لئے میں احباب جماعت سے بھی درخواست کرتی ہوں کہ وہ اس چندہ میں حصہ لیں۔

ڈیڑھ صد روپیہ کی رقم دینے والے بھائی یا بہن کا نام عمارت پر کندہ کروایا جائے گا انشاء اللہ تعالیٰ۔

(صدر لجنہ اماء اللہ مرکزیہ)

اعلان امتحان تذکرۃ الشہادتین

کتاب تذکرۃ الشہادتین کا امتحان مورخہ ۱۲ر اگست بروز اتوار منعقد ہوگا تمام لجنات سے درخواست ہے کہ وہ اپنی اپنی ممبرات میں تحریک کر کے زیادہ سے زیادہ تعداد میں امتحان دلوائیں اور ان کے نام جلد بھیج دیں تاکہ پرچے بھجوائے جا سکیں۔

(سیکرٹری شعبہ تعلیم لجنہ اماء اللہ مرکزیہ)

ملک بھر کے مسلم لیگیوں کا کنونشن اوائل اگست میں ہو گا

جماعت کی نئی رکن سازی ہونی چاہیئے (مولانا اکرم خاں)

ڈھاکہ ۳ر اگست۔ پاکستان مسلم لیگ کے نائب صدر مولانا محمد اکرم خان نے یہاں کہا کہ ملک بھر کے مسلم لیگیوں کا ایک کنونشن آئندہ ماہ کے شروع میں ڈھاکہ میں منعقد ہوگا۔ آپ نے ایک انٹرویو میں کہا کہ اس کنونشن میں مسلم لیگ کو کل پاکستان بنیاد پر صحیح معنوں میں ایک عوامی جماعت بنانے کے لئے اس کے احیاء سے متعلق امور پر غور و خوض کیا جائے گا۔

مولانا اکرم خان نے کہا کہ سردار بہادر خان سمیت مغربی پاکستان کے بعض ممتاز مسلم لیگی زعماء اس سلسلہ میں مشرقی پاکستان کے لیگی رہنماؤں سے ملاقات کی غرض سے چند دنوں تک ڈھاکہ پہنچنے والے ہیں۔ مولانا اکرم خاں نے کہا۔ ذاتی طور پر میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ لیگ کی عام رکنیت کے لئے ازسرنو بھرتی شروع کی جانی چاہیئے تاہم آپ نے کہا کہ اس سلسلہ میں کوئی آخری فیصلہ کرنا مسلم لیگ کونسل کا کام ہے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے آپ نے کہا کہ مسلم لیگ کا پرانا ریکارڈ اور فائلیں اسے واپس نہیں ملیں۔ یہ بھی علم نہیں کہ مسلم لیگ فنڈ میں کس قدر رقم موجود ہے۔ مولانا صاحب نے کہا ہمیں ماضی کی غلطیوں سے سبق سیکھنا چاہیئے اور اب مسلم لیگ کو وزیروں اور برسراقتدار افراد کی کنیز نہیں بنانا چاہیئے۔ جماعت کی قیادت ان لوگوں کو سونپی جانی چاہیئے۔ جنہوں نے اپنی زندگی عوامی مفاد اور قوم کی خدمت کے لئے وقف کر رکھی ہے۔ تاہم وزراء بھی اس جماعت میں شامل ہو سکتے ہیں بشرطیکہ وہ عام رکن بنیں اور جماعتی پروگرام کا وفادار رہنے کا حلف اٹھائیں۔

آچاریہ ونوبا بھاوے کو برطانیہ آنے کی دعوت

نئی دہلی ۳ر اگست۔ ممتاز برطانوی فلسفی لارڈ برٹرینڈ رسل نے بھودان تحریک کے لیڈر آچاریہ ونوبا بھاوے کو دعوت دی ہے کہ وہ لندن آکر امن کے مقصد کے لئے اُن کا ہاتھ بٹائیں لارڈ رسل ۹ر ستمبر کو لندن میں وزارت ہوابازی کے دفاتر کے سامنے ایٹمی راکٹوں کے خلاف ایک مظاہرہ کرنا چاہتے ہیں

بھارت میں ہیضہ سے ۶۲ افراد ہلاک

نئی دہلی ۳ر اگست۔ بنگلور سے آمدہ اطلاع کے مطابق ضلع گلبرگہ میں ہیضہ سے اب تک ۶۲ افراد ہلاک ہو چکے ہیں۔ پورے ضلع میں یہ وبا کی صورت اختیار کر گیا ہے۔ اور سینکڑوں باشندے اس میں مبتلا ہو گئے ہیں۔

آمدنی سے خرچ زیادہ ہے

لاہور ۳ر اگست۔ لاہور کارپوریشن کو شہر میں پانی سپلائی کرنے سے جو آمدنی ہوتی ہے اس کے مقابلہ میں پانی کے انتظامات کا خرچ کہیں زیادہ ہے۔ بتایا گیا ہے کہ کارپوریشن اس سلسلے میں سالانہ قریباً بتیس لاکھ پچھتر روپے صرف کرتی ہے۔ جبکہ پانی کی فروخت سے بمشکل تیرہ لاکھ روپے حاصل ہوتے ہیں اس رقم کا خاصا حصہ باقاعدہ وصول نہیں ہوتا۔ چنانچہ اس مد کے اب تک کے بقایاجات قریباً چودہ لاکھ روپے ہیں جن کی وصولی کا کوئی خاطر خواہ بندوبست نہیں۔ اندرون شہر کے علاقہ میں پانی کے قریباً گیارہ ہزار اور سول سٹیشن کے علاقہ میں اکیس ہزار کنکشن ہیں

واپڈا کے چیئرمین سندھ طاس منصوبے دیکھیں گے

لاہور ۳ر اگست۔ واپڈا مغربی پاکستان کے چیئرمین مسٹر غلام اسحٰق ۶ اور ۷ اگست کو طاس سندھ بجالیاتی منصوبہ کے زیر تعمیر مختلف پراجیکٹوں کا معائنہ کریں گے۔ آپ چھ اگست کو سات بجے صبح روانہ ہوں گے اور تریموں سدھنائی لنک، تریموں ہیڈ ورکس اور سدھنائی بیراج دیکھنے کے لئے شورکوٹ تریموں اور سدھنائی جائینگے۔ ملتان میں گزارنے کے بعد اگلے روز صبح میلسی چلے جائینگے جہاں سے شام کو لاہور واپس آجائیں گے طاس سندھ پراجیکٹ منصوبہ کے فنی مشیر ڈاکٹر جنرل سندھ طاس پراجیکٹ ڈائرکٹر بیراج اور ڈائریکٹر الحاقی انہار آپ کے ہمراہ ہونگے

عرب جمہوریہ کے ایک سابق وزیر کی گرفتاری

دمشق ۳ر اگست۔ شام کی مصر سے علیحدگی سے قبل متحدہ عرب جمہوریہ کے وزیر مذہبی املاک مسٹر یوسف کو گرفتار کر لیا گیا ہے ان پر الزام ہے کہ وہ شام کے مصر سے الحاق کے حامی ہیں پولیس ان کی تلاش کر رہی ہے

کاٹنگا پر اقتصادی دباؤ ڈال کر اسے اپنی غلطی کا احساس دلایا جائے

اقوام متحدہ کے رکن ممالک سے سیکرٹری جنرل اوتھانٹ کی اپیل

